پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی 400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

23 دسمبر 2020

عوامی اور نجی زمروں کے بینکوں کے ایم ڈی اور سی ای او سے ریزروبینک کے گورنر کی ویڈیو کانفرنس

گورنر، ریزروبینک آف انڈیا (آر بی آئی) نے عوامی زمرہ بینکوں اور نجی زمرہ کے بینکوں کے ایم ڈی / سی ای او سے 22 اور 23 دسمبر، 2020 ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ میٹنگ کی۔ میٹنگ میں آر بی آئی ڈپٹی گورنروں نے بھی شرکت کی۔

گورنر نے اپنے آغاز گفتگو میں موجودہ معاشی حالات کا ذکر کرتے ہوئے معاشی سرگرمیوں اور ان کے حیات نو بینکنگ زمرہ کی اہمیت پر زور دیا۔ مالیاتی زمرہ کے کچھ مخصوص حوالے کے ساتھ انہوں نے وبا کے آغاز سے معاشی استحکام اور مالیات کو مستحکم بنانے کیلئے ریزروبینک کے ذریعہ اٹھائے گئے اقدامات کا ذکر کیا۔ بینکنگ زمرہ کی ستائش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بینکوں کیلئے لازمی ہے کہ تحقیقاتی نظر اور احتیاطی تدابیر سے اپنے ابھرنے کی مدت اور قرض دینے کی صلاحیت کو پونجی بڑھانے کیلئے سرگرم تجاویز پیش کریں۔

دیگر معاملات کے درمیان درج ذیل معاملہ پر میٹنگ میں تبادلہ خیال کیا گیا۔

1. موجودہ معاشی حالات کا تخمینہ وجائزہ۔
2. مونیٹری پالیسی ٹرانسمیشن اور لکوڈٹی کے حالات۔
3. معیشت کے مختلف زمروں میں کریڈٹ کا بہاؤ بشمول دباؤ والے زمرے اور ایم ایس ایم ای ز۔
4. کووڈ سے متعلق دباؤ والی املاک کیلئے فریم ورک کی تجویز اور اس کے نفاذ میں پیش رفت۔
5. ریاستوں / مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں 100% ڈیجیٹلی استحکام کے تعلق سے نشان زد اضلاع میں پیش رفت۔
6. آئی ٹی انفراسٹرکچر اور آئی ٹی سسٹم برائے بینکس کی مضبوط کاری اور صلاحیتوں میں اضافہ کرنا اور۔
7. بینکوں میں شکایت کے ازالہ کیلئے تیار کردہ میکانزم پر توجہ مرکوز۔

(یوگیش دیال)
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 2020-2021/820